# (پریس ریلیز)

## زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ اور نیشنل رورل سپورٹ پروگرام کے مابین چھوٹے کاشتکاروں کی فلاح کے لئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد 12 دسمبر 2017

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) ملک کے زرعی شعبہ میں سرمایہ کاری کرنے والے اولین ادارے نے نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (NRSP) کے ساتھ آج یہاں ZTBL ہیڈ آفس، اسلام آباد میں ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے۔ دونوں اداروں کے درمیان مفاہمتی یادداشت کا مقصد باہمی تعاون سے چھوٹے کاشتکاروں کیلئے نفع بخش اہداف کا حصول ہے۔

سید طلعت محمود پریذیڈنٹ/ چیف ایگزیکٹو آفیسر (ZTBL) نے گزشتہ 6 دہائیوں میں زراعت سے وابستہ چھوٹے کاشتکاروں کیلئے زرعی ترقیاتی بینک کی جانب سے براہ راست لئے جانے والے اقدامات پر روشنی ڈالی اور چھوٹے کاشتکاروں کو زیادہ بااختیار بنانے کیلئے اپنے عزم کا اظہار کیا۔

صدر زرعی ترقیاتی بینک نے ایگریکلچر ویلیو چین فنانسنگ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے، اپنے منصوبوں کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ وہ چھوٹے کاشتکاروں کیلئے سرمایہ کاری کی وسیع تر خدمات پیش کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں جس سے نہ صرف صحت مند کیش فلو کو یقینی بنانا مقصود ہے بلکہ اس سے انہیں وہ پلیٹ فارم بھی دستیاب ہوں گے جہاں زراعت ایک رسک فری بزنس بن جائے گا۔

ڈاکٹر شاہد باجوہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (NRSP) نے نیشنل رورل سپورٹ پروگرام کے بزنس ماڈل کا تعارف کراتے ہوئے وضاحت کی کہ (NRSP) کا آپریشن سٹرکچر کمیونٹی آرگنائزیشن، ولیج آرگنائزیشن اور لوکل سروس آرگنائزیشنز سے مربوط ہے جو ان کے کامیاب آپریشنل اور بزنس سٹرکچر کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ این آر ایس پی فی الوقت مائیکرو فنانس مارکیٹ کے 25 فیصد حصہ کی مالک ہے۔

انہوں نے کہا کہ یہ پراجیکٹ کاشتکاروں کی پیداوار اور منافع میں اضافہ پر کثیر الجہت اثرات مرتب کرے گا کیونکہ یہ ان کی تمام فصلوں کے لئے ون ونڈو سلوشن ہوگا۔

دونوں اداروں کی یہ مشترکہ کاوش ملک کی زراعت پر گہرے اثرات مرتب کرے گی اور چھوٹے کاشتکاروں کی مالی مشکلات کے حل میں بھی معاون ثابت ہوگی۔

سعد ضیاء
انچارج (پبلک ریلیشنز)
0322-2222220

پکچر کیپشن: سید طلعت محمود، صدر ZTBL اور ڈاکٹر راشد باجوہ، NRSP CEO زرعی ترقیاتی بینک ہیڈ آفس اسلام آباد میں 12 دسمبر 2017 کو MOU دستخط کے موقع پر